سوال

(111)ماں کے پیٹ میں بچہ تین پردوں میں ہوتا ہے

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

جنین کا ماں کے پیٹ میں تین اندھیروں کا جو ذکر قرآن میں آتا ہے اس سے کیا مراد ہے ؟ (احمد سالم جمعہ عمان)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ولا حول ولا قوة الا باللہ

تین اندھیروں کے بارے میں قرطبی کی روایت کے مطابق عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ وہ ایک پیٹ کا اندھیرا ، رحم کا اندھیرا ، اور بچہ جس جھلی میں لپٹا ہوا ہوتا ہے اس کا اندھیرا۔ اور ابو عبیدہ کہتے ہیں پیٹ کا اندھیرا، رحم کا اندھیرا اور باپ کی پشت کا اندھیرا لیکن افضل پہلا قول ہے ۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ الدین الخالص

ج1ص218

محدث فتویٰ